# ابتدائی حمل
# درد اور خون بہنا

**ابتدائی حمل میں درد اور خون بہنا عام ہے اور اس کا ہمیشہ یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ کو اسقاط حمل کا مسئلہ ہو رہا ہے۔**

## ابتدائی حمل میں خون بہنا

اگر آپ کو حمل کے دوران خون بہہ رہا ہے تو آپ کو اپنے مقامی ڈاکٹر یا جی پی سے بات کرنی چاہیے۔ ممکن ہے کہ یہ اسقاط حمل نہ ہو ۔

ابتدائی حمل کا مطلب ہے 14 ہفتوں سے پہلے۔ آپ اپنے ڈاکٹر سے اپنی قریبی ابتدائی حمل کی تشخیص کی سروس کو ریفرل کے بارے میں پوچھ سکتے ہیں۔ وہ ان ٹیسٹوں اور علاج کیساتھ آپ کی مدد کریں گے جو آپ کے حمل کے مرحلے کے لیے صحیح ہیں۔

آپ کو اس وقت قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جانا چاہیے اگر:

- آپ کا بہت زیادہ خون بہہ رہا ہے، جیسا کہ ایک گھنٹے میں دو پیڈ بھرنے کے لیے کافی ہو
- خون کے بڑے ڈلے آ رہے ہیں، گولف کی گیندوں کے سائز کی طرح
- آپ کو بہت برے مڑور آ رہے ہوں اور پیٹ میں درد ہو
- آپ کو بخار ہو یا سردی لگ رہی ہو
- آپ کو چکر آ رہے ہوں یا لگے کہ آپ بے ہوش ہو جائیں گے
- آپ کو اندام نہانی سے خارج ہونے والے مادے سے غیر معمولی بو آ رہی ہو

### وکٹورین ورچوئل ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ

آپ انٹرنیٹ کے ذریعے وکٹورین ورچوئل ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

- دن یا رات کے کسی بھی وقت
- ایمرجنسی ڈاکٹروں اور نرسوں کے ساتھ ویڈیو کال کے لیے۔

ویب سائیٹ : vved.org.au

آپ کو ایک ایسی ڈیوائس استعمال کرنے کی ضرورت ہوگی جس میں کیمرہ ہو، جیسے کہ آپ کا فون یا کمپیوٹر ۔

یقینی بنائیں کہ آپ ایسی جگہ ہیں جہاں آپ محفوظ اور آرام دہ محسوس کرتے ہیں۔

## خون کیوں بہہ رہا ہے؟

کچھ لوگوں کو اسقاط حمل ہونے کی وجہ سے خون آتا ہے۔ کسی بھی حمل کا ضائع ہونا ایک مشکل لمحہ ہوتا ہے۔ آپ کو اپنے ڈاکٹر سے کسی بھی ایسے علاج یا دیگر مدد کے بارے میں بات کرنی چاہئے جس کی آپ کو ضرورت ہے۔

اگر آپ کو ایسا خون بہہ رہا ہے جو اسقاط حمل کی وجہ سے نہیں ہے، تو خون بہنے سے آپ کے بچے کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

کچھ لوگوں کو خون بہہ رہا ہوتا ہے کیونکہ ان کا حمل ایکٹوپک ہوتا ہے۔ ایکٹوپک حمل اس وقت ہوتا ہے جب حمل آپ کے رحم کے باہر بڑھ رہا ہو۔ ایکٹوپک حمل کا ہونا شاذ و نادر ہی ہوتا ہے۔ یہ آپ کی صحت اور زرخیزی کے لیے بہت برا ہو سکتا ہے۔ آپ کو علاج کی ضرورت ہوگی۔

کچھ لوگوں کے رحم کے ارد گرد کچھ خون بہہ رہا ہوتا ہے، اسے امپلانٹیشن بلیڈنگ کہا جا سکتا ہے۔ آپ کا ڈاکٹر الٹراساؤنڈ کے ذریعے اس کے بارے میں معلوم کرے گا۔

کچھ لوگوں کو ان وجوہات کی وجہ سے خون بہہ سکتا ہے جو آپ کے حمل سے متعلقہ نہیں ہیں:

- benign polyps (بے ضرر پولیپ)
- انفیکشن
- آپ کے عنق رحم (cervix) میں تبدیلیاں۔

اگر آپ کےحمل کا اسکین کچھ نہیں دکھاتا لیکن خون جاری رہتا ہے، تو آپ کو اپنے ڈاکٹر سے دیگر وجوہات کی جانچ کرنے کے لیے کہنا چاہیے۔

## آپ کو کن ٹیسٹوں کی ضرورت ہے؟

آپ کا ڈاکٹر یا ابتدائی حمل کی تشخیص کی سروس کچھ ٹیسٹ کرے گی۔ وہ فیصلہ کریں گے کہ آپ کتنے ہفتوں کی حاملہ ہیں اس کی بنیاد پر آپ کو کن ٹیسٹوں کی ضرورت ہے۔ آپ ان سے ٹیسٹوں کی وضاحت کے لیے کہہ سکتے ہیں۔

### آپ کو اندرونی معائنے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

ڈاکٹر یا نرس کو یہ چیک کرنے کے لیے آپ کے اندر جھانکنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے کہ آیا:

- آپ کی بچہ دانی اس سائز کی ہے جس کی ہم آپ کے حمل کے مرحلے کے لیے توقع کرتے ہیں
- وہ درد کی کسی بھی وجہ کو تلاش کر سکتے ہیں

- وہ تلاش کر سکتے ہیں کہ آپ کو کس وجہ سے خون آ رہا ہے، جیسے انفیکشن یا آپ کے عنقِ رحم میں تبدیلی۔

اگر ایسا لگتا ہے کہ آپ کو انفیکشن ہے تو انہیں مزید ٹیسٹ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

### آپ کو خون کے ٹیسٹ کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

آپ کویہ جانچنے کے لیے خون کے ٹیسٹ کی ضرورت ہو سکتی ہے:

- آپ کے خون کا گروپ
- آیا آپ کو انفیکشن ہے.

آپ کو اپنے حمل کے ہارمون کی سطح کی جانچ کرنے کے لیے خون کے ٹیسٹ کی ضرورت ہو سکتی ہے، جسے hCG کہتے ہیں۔ جب اسقاط حمل ہونے والا ہوتا ہے، توحمل کے ہارمون کی سطح اکثر نیچے چلی جاتی ہے۔ الٹراساؤنڈ کرنے کا فیصلہ کرنے کے لیے ہمیں آپ کے حمل کے ہارمون کی سطح کو بھی جاننے کی ضرورت ہے۔

آپ کا حمل ہارمون توقع سے کم ہو سکتا ہے کیونکہ:

- آپ شاید اتنے ہفتوں کی حاملہ نہ ہوں جتنا آپ نے سوچا تھا
- آپ کا حمل ہارمون ایک ہی سطح پر رہنا شروع کر رہا ہے کیونکہ آپ تقریباً 10 ہفتوں کی حاملہ ہیں۔
- آپ کا حمل ہارمون اس شرح پر نہیں بڑھ رہا ہے جس کی ہم 10 ہفتوں سے پہلے توقع کرتے ہیں۔

اگر آپ کا حمل ہارمون آہستہ آہستہ اوپر جا رہا ہے:

- آپ کو اسقاط حمل ہو سکتا ہے
- آپ کو ایکٹوپک حمل ہوسکتا ہے
- آپ کے ہارمونل پیٹرن مختلف ہو سکتے ہیں اور آپ کا حمل ٹھیک ہے۔

یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ کا حمل ہارمون بڑھ رہا ہے، ہمیں دو دن کے بعد خون کا دوسرا ٹیسٹ کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ اگر آپ کا حمل ہارمون کم ہو رہا ہے تو آپ کو اسقاط حمل ہو سکتا ہے۔

### آپ کو الٹراساؤنڈ کی ضرورت ہو سکتی ہے

آپ کا ڈاکٹر پوچھ سکتا ہے کہ کیا وہ آپ کے حمل کی جانچ کرنے کے لیے اندام نہانی کا الٹراساؤنڈ کر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر آپ کی اندام نہانی کے اندر ایک تنگ جانچ کرنے والا آلہ ڈالے گا۔ یہ ایک داخلی معائنے کی طرح محسوس ہوگا۔ یہ آپ اور آپ کے بچے کے لیے محفوظ ہے۔

اگر آپ چھ ہفتوں سے زیادہ کی حاملہ ہیں تو الٹراساؤنڈ مددگار ہے کیونکہ ہم آپ کے بچے کے دل کی دھڑکن کو دیکھ سکتے ہیں۔ چھ ہفتوں سے پہلے، الٹراساؤنڈ کے اتنے مددگار ہونے کا امکان نہیں ہے۔ لیکن الٹراساؤنڈ ظاہر کرے گا کہ آیا آپ کوایک ایکٹوپک حمل ہے۔

**اگر آپ کا الٹراساؤنڈ آپ کو بچے کے دل کی دھڑکن دکھاتا ہے**

یہ ایک اچھی خبر ہے۔ اس کے بعد اسقاط حمل بہت کم ہوتا ہے۔ آپ منصوبہ بندی کے مطابق اپنے حمل کی دیکھ بھال اور ملاقاتیں جاری رکھ سکتے ہیں۔ اگر آپ کا ایک ٹیسٹ ہونا باقی ہے یا اگر آپ کو خون جاری رہتا ہے تو آپ کو سروائیکل اسکریننگ ٹیسٹ کروانا چاہیے۔

**اگر آپ کے الٹراساؤنڈ سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کو اسقاط حمل ہو رہا ہے**

الٹراساؤنڈ یہ ظاہر کر سکتا ہے کہ حمل کی تھیلی کے سائز، جنین کے سائز کے لحاظ سے حمل بڑھنا بند ہو گیا ہے اور دل کی دھڑکن نہیں ہے۔

کبھی کبھی ہم دیکھ سکتے ہیں کہ اسقاط حمل پہلے ہی شروع ہو چکا ہے۔ آپ کو یہ یقینی بنانے کے لیے علاج کی ضرورت ہو سکتی ہے کہ حمل کے تمام ٹشو آپ کے جسم سے نکل چکے ہیں۔ آپ کا ڈاکٹر آپ سے اس بارے میں بات کرے گا کہ آیا ایسا فوراً ہونا چاہیے یا نہیں۔

**اگر آپ کا الٹراساؤنڈ کوئی جنین یا دل کی دھڑکن نہیں دکھاتا**

اگر ہمیں کوئی جنین یا دل کی دھڑکن نہیں ملتی ہے، اس کا مطلب ہو سکتا ہے:

- ابھی بھی آپ کے حمل کے لحاظ سے بہت جلدی ہے کہ ہم جنین کو دیکھ سکیں۔
- آپ کا حمل بڑھ نہیں رہا ہے۔

ہمیں انتظار کرنا پڑے گا اور ایک اور الٹراساؤنڈ کرنا پڑے گا، عام طور پر 7 سے 14 دن بعد۔
آپ کا ڈاکٹر یا اسسمنٹ سروس آپ کو بتائیں گے کہ آپ کا اگلا الٹراساؤنڈ کب ہوگا۔

ہمیں دوسرے الٹراساؤنڈ کا انتظار کرنا ہوگا، یہ معلوم کرنے کا کوئی تیز طریقہ نہیں ہے کہ کیا ہو رہا ہے۔ آپ کے انتظار کے دوران خون بہہ سکتا ہے یا اسقاط حمل ہو سکتا ہے۔

**اگر آپ کا الٹراساؤنڈ خالی بچہ دانی دکھاتا ہے**

الٹراساؤنڈ دکھا سکتا ہے کہ آپ کی بچہ دانی خالی ہے کیونکہ:

- آپ کے حمل کو ابھی اتنے ہفتے نہیں گزرے کہ کچھ نظر آ سکے۔
- آپ کا مکمل اسقاط حمل ہوا ہے اور حمل کے تمام ٹشوز خون کے ساتھ نکل چکے ہیں۔
- آپ کو ایک ایکٹوپک حمل ہوسکتا ہے اور آپ کو علاج کی ضرورت ہے۔

ہم اس بات کی تصدیق کے لیے مزید ٹیسٹ کریں گے کہ آیا یہ اسقاط حمل ہے یا ایکٹوپک حمل۔ آپ کو عام طور پر ایک اور خون کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی تاکہ ہم یہ دیکھ سکیں کہ آپ کو کون سے دوسرے علاج یا ٹیسٹ کی ضرورت ہے۔

**اگر آپ کا الٹراساؤنڈ ایک ایکٹوپک حمل ظاہر کرتا ہے**

اگر آپ کو ایکٹوپک حمل ہے تو آپ کو فوری علاج کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ایکٹوپک حمل آپ کی صحت اور زرخیزی کے لیے بہت برا ہو سکتا ہے۔ آپ کو درج ذیل کی ضرورت ہو سکتی ہے:

- اس ایکٹوپک حمل کو ہٹانے کے لیے سرجری
- ایکٹوپک حمل کو چھوٹا کرنے کی ادویات
- یہ انتظار کہ آپ کا جسم اس ایکٹوپک حمل کے ٹشوں کو خون کے ذریعے باہر نکال دے۔

آپ کا ڈاکٹر یا ابتدائی حمل کی تشخیص کی سروس آپ کے ٹیسٹ کے نتائج اور علامات کی جانچ کر کے فیصلہ کرے گی کہ آپ کو کس علاج کی ضرورت ہے۔

## جب آپ ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کررہے ہوں

انتظار کے دوران آپ جو کچھ کرتے ہیں اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں۔ اگرہو سکے تو تو آپ کو آرام کرنے اور استراحت کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔

اگر آپ کو درد ہو تو آپ پیراسیٹامول لے سکتے ہیں، مثال کے طور پر، پیناڈول۔ آپ کو پیکٹ پر دی گئی ہدایات پر عمل کرنا چاہیے۔

اگر ہو سکے تو آپ اپنی روزمرہ کی معمول کی سرگرمیاں جاری رکھ سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگرچہ آپ کے لیے بہت زیادہ سخت یا تھکا دینے والا نہ ہو تو آپ کو کام کرنا ٹھیک محسوس ہو سکتا ہے۔

جب آپ آرام دہ محسوس کریں تو آپ جنسی تعلقات قائم کر سکتے ہیں۔ زیادہ تر لوگ اس وقت جنسی تعلقات نہیں رکھتے جب انہیں درد ہو یا خون بہہ رہا ہو۔ جب آپ کا خون بہنا کم ہوجائے تو آپ کو ایسا محسوس ہو سکتا ہے۔ سیکس کرنے سے آپ کے اسقاط حمل کا خطرہ نہیں بڑھے گا۔

جب آپ مزید ٹیسٹ اور نتائج کا انتظار کرتے ہیں تو اس دوران آپ کا اسقاط حمل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کو ڈلوں اور مڑوروں کیساتھ درد ہو اور بہت زیادہ خون بہہ رہا ہو، تو آپ کو اسقاط حمل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کو اسقاط حمل ہو رہا ہے یا ہوا ہے تو آپ کو ڈاکٹر سے ملنا چاہیے یا ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ میں جانا چاہیے۔ عام طور پر اسقاط حمل کے بعد خون بہنا اور درد بند ہو جاتا ہے۔ اگر آپ کا خون اب بھی بہت زیادہ بہہ رہا ہے تو آپ کو طبی علاج کی ضرورت پڑسکتی ہے۔

## آپ کس سے مدد مانگ سکتے ہیں؟

آپ ان کے پاس جا سکتے ہیں:

- مقامی ڈاکٹر یا جی پی
- کمیونٹی ہیلتھ سروس
- قریبی ہسپتال کے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ
- ابتدائی حمل کی تشخیص کی سروس

آن کال نرس

آپ دن یا رات کے کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں۔

1300 60 60 24

رائل ویمنز ہسپتال

**ویمنز کی ابتدائی حمل کی اسسمنٹ سروس**

آپ صبح 8 بجے سے شام 4 بجے کے درمیان کال کر سکتے ہیں۔

(03) 8345 3643

**ویمنز کا ایمرجنسی سنٹر**

اگر ضروری ہو تو، آپ دن یا رات میں کسی بھی وقت یہاں جا سکتے ہیں۔

20 Flemington Road, Parkville.

## آپ اس بارے میں بات کر سکتے ہیں کہ آپ کیسا محسوس کرتے ہیں

آپ جس شخص کے ساتھ محفوظ محسوس کرتے ہیں اس کے ساتھ اپنے احساسات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں، جیسے کہ :

- آپ کا ساتھی، دوست یا خاندان
- آپ کا مقامی ڈاکٹر یا جی پی
- کونسلنگ یا معاونت کے دیگر وسائل۔

آپ ویمنز میں کسی سے بات بھی کر سکتے ہیں۔

**سماجی کام**

(03) 8345 3050

**روحانی نگہداشت**

(03) 8345 3016

## آپ فیصلہ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ حاملہ ہونا چاہتی ہیں

بعض اوقات ممکن ہے کہ درد اور خون بہنے کی وجہ سے آپ پہلی بار جان پاتی ہیں کہ آپ حاملہ ہیں۔

اگر آپ اپنا حمل جاری نہیں رکھنا چاہتی ہیں تو اسقاط حمل یا دیگر اختیارات کے بارے میں جاننے کے لیے اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔

**آپ 1800 مائی آپشنز پر رابطہ کر سکتی ہیں**

1800 My Options ایک ہیلپ لائن ہے۔ آپ رازداری سے ان کے ساتھ مانع حمل ادویات، اسقاط حمل اور دیگر اختیارات کے بارے میں بات کرسکتی ہیں۔

1800 696 784

1800myoptions.org.au

## خاندانی تشدد کے لیے مدد

**1800 Respect** نیشنل ہیلپ لائین

جنسی حملے، گھریلو یا خاندانی تشدد اور بدسلوکی سے متاثر ہونے والے لوگوں کی مدد کے لیے۔

آپ دن یا رات کو کسی وقت کال کرسکتے ہیں

1800 737 732

1800respect.org.au

## کیا آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہے؟

اگر آپ کو انٹرپریٹر کی ضرورت ہے،
آپ ایک انٹرپریٹر کی مانگ کرسکتے ہیں.

## مزید معلومات کے لیے

**خواتین کا استقبالیہ مرکز**

(03) 8345 3037
1800 442 007
thewomens.org.au

**رائل ویمنز ہسپتال ان معلومات کا ترجمہ کرنے میں تعاون اور مدد کرنے پر ناردرن ہیلتھ کا شکریہ ادا کرنا چاہیں گے .**

**بیان دستبرداری:** اس حقائق نامے میں صرف عام معلومات فراہم کی گئی ہیں۔ اپنے یا اپنے بچے کی صحت کی دیکھ بھال کی ضروریات کے بارے میں مخصوص مشورے کے لیے، آپ کو اپنے ہیلتھ پروفیشنل سے مشورہ لینا چاہیے۔ رائل ویمنز ہسپتال صحت کے کسی پیشہ ور کو دکھانے کے بجائے اس حقائق نامے پر آپ کے انحصار سے ہونے والے نقصان یا نقص کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ اگر آپ کو یا آپ کے بچے کو فوری طبی امداد کی ضرورت ہے، تو براہ کرم اپنے قریبی ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کریں۔ © رائل ویمنز ہسپتال 2024۔